Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ یکم جمادی الاول ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۰ جولائی ۱۹۳۷ء جلد ۲۹

حصہ اول

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری آسامی جدید معاون اہلمد امانت نویسی خزانہ	۲
۲	اضافہ منشی امجد علی خاں صاحب سول جج	″
۳	آسامی جدید " اسسٹنٹ ٹیچر ویونگ اسکول "	″
۴	منظوری اضافہ خلیل الرحمن خاں منصرم کونسل خانہ	۳
″	ومنظوری آسامی ہائے جدید فراشان (برائے کونسل خانہ)	
۵	توسیع ملازمت ریاست طلیحان سینیٹری انسپکٹر ماتحت کمشنر دیہات	″
۶	منظوری رخصت منشی اشرف خاں ٹیچر ہائی اسکول برائے ٹریننگ	

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری الاؤنس منشی سید علی عباس پیشکار ریعا نگرانی باغات (تا تقرر سپرنٹنڈنٹ باغات)	۴

مطبع اسٹیٹ پریس رامپور

آرڈرز آن اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈرز آن اسٹیٹ کونسل

واقع ۹ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۵ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر بابت منظوری انتظامی آسامی جدید معاون المد امانت نویس خزانہ بمشاہرہ پچیس روپے از یکم اپریل سنہ ۱۹۳۶ء مستقلاً بصیغہ فائنانس پیش ہو کر طے پایا کہ:—

چونکہ بجٹ سال رواں میں ایک اسامی اسسٹنٹ کلرک کی یکم اپریل سنہ ۱۹۳۶ء سے مستقلاً بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہانہ کی منظور ہو چکی ہے۔

لہذا حسب صراحت تجویز جدید آسامی کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈرز آن اسٹیٹ کونسل:—

واقع ۹ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۵ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر بابت منظوری انتظامی اضافہ پچیس روپے ماہانہ بہ تنخواہ منشی امجد علی خاں صاحب سول جج از یکم مئی سنہ ۱۹۳۶ء پیش ہو کر واضح ہوا کہ رقم اضافہ بجٹ سال رواں میں منظور ہو چکی ہے۔ صرف انتظامی منظوری باقی ہے۔ لہذا طے پایا کہ:۔

منشی امجد علی خاں صاحب سول جج کی موجودہ تنخواہ میں یکم مئی سنہ ۱۹۳۶ء سے پچیس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا جاوے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈرز آن اسٹیٹ کونسل

واقع ۹ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۵ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت منظوری انتظامی آسامی جدید اسسٹنٹ ٹیچر ویونگ اسکول بمشاہرہ بیس روپیہ پیش ہو کر واضح ہوا کہ رقم بجٹ سال رواں میں منظور ہو چکی ہے لہذا طے پایا کہ:۔

ویونگ اسکول میں اسسٹنٹ ٹیچر کی جدید آسامی بمشاہرہ بیس روپیہ ۱۰ر مئی سنہ ۱۹۳۶ء سے منظور کیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :-　　واقع ۵ ر جولائی ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۵ ر جولائی ۱۹۳۷ء میں کاغذات متعلق منظوری انتظامی نسبت اضافہ تنخواہ منشی خلیل الرحمن خاں مہتمم کنول خانہ وغیرہ تعدادی بیس روپیہ ماہانہ از یکم مئی ۱۹۳۷ء تعداد دو آسامیاں بمشاہرہ تیس روپیہ و بیس روپیہ بجائے ایک آسامی فٹر موٹر گیراج بمشاہرہ پچاس روپیہ پیش ہوکر واضح ہوا کہ بجٹ سال ۳۸-۱۹۳۷ء میں رقم اضافہ تنخواہ منظور ہو چکی ہے

طے پایا کہ :-

۱- منشی خلیل الرحمن خاں مہتمم کنول خانہ کی موجودہ تنخواہ میں بیس روپیہ ماہانہ کا اضافہ یکم مئی ۱۹۳۷ء سے منظور ہے۔

۲- موٹر گیراج میں ایک آسامی فٹر مشاہرہ دار پچاس روپیہ کی بجائے فٹر کی دو آسامیاں بمشاہرہ تیس روپیہ و بیس روپیہ یکم مئی ۱۹۳۷ء سے قائم کی جانا منظور ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔　دستخط فار عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :-　　واقع ۵ ر جولائی ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۵ ر جولائی ۱۹۳۷ء میں کاغذات بابتہ توسیع چار ماہ بمدت ملازمت عارضی ریاست علیخاں سینٹری انسپکٹر ہیڈ کوارٹر بلاک مشاہرہ دار تیس روپیہ پیش ہوکر واضح ہوا کہ نامبردہ کی مدت ملازمت سابقہ تین ماہ ۳۰ ر جون ۱۹۳۷ء کو ختم ہوگئی۔ صاحب چیف میڈیکل افیسر بہادر نے مدت ملازمت عارضی میں موجودہ تنخواہ پر از یکم جولائی ۱۹۳۷ء تا اکتوبر ۱۹۳۷ء چار ماہ کی توسیع کی تحریک کی ہے لہٰذا طے پایا کہ

نامبردہ کی مدت ملازمت عارضی میں از یکم جولائی ۳۷ء چار ماہ کی توسیع بمشاہرہ موجودہ منظور ہے :-

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط فار عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :-　　واقع ۵ ر جولائی ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۵ ر جولائی ۱۹۳۷ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ بابتہ منظوری رخصت بوضع کل تنخواہ منشی صباحت اللہ خاں ٹیچر ہائی اسکول مشاہرہ دار تیس روپیہ برائے تعلیم سی۔ٹی۔ از ۱۵ ر جولائی ۱۹۳۷ء تا مئی ۱۹۳۹ء برائے ایکسال دس ماہ سترہ یوم بصورت خاص و اجازت تقرر عوض ملازمت بمشاہرہ رخصتی پیش ہوکر واضح ہوا کہ باشندگان رامپور میں سے کوئی سی۔ٹی نہیں ہے منشی صباحت اللہ خاں ٹیچر نے بخواہش خود داخلہ کا انتظام کرلیا ہے۔ صیغہ فنانس نے بصورت خاص منظوری کونسل کا حوالہ دیا ہے

لہٰذا طے پایا کہ :-

رخصت مطلوبہ بصورت خاص بوضع تنخواہ برائے ٹریننگ منظور ہے۔ زمانہ رخصت میں عارضی تقرر کی اجازت دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔　دستخط فار عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

الاؤنس

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۵ جولائی ۱۹۳۷ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس بابت منظوری عطائے عہ ماہانہ الاؤنس نگرانی باغات و عہ ماہانہ سائیکل الاؤنس بہ منشی سید علی عباس صاحب پیشکار تا تقرر جدید سپرنٹنڈنٹ باغات پیش ہو کر واضح ہوا کہ چونکہ صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر مسوری پر ہیں اور سپرنٹنڈنٹ باغات کے لئے بجٹ میں ماہانہ رقم منظور ہو چکی ہے۔ لیکن اس عہدہ کے لئے ہوشیار و تجربہ کار شخص کی تلاش ہے۔ اس لئے نظر بہ ہرج کار سرکار تجویز ہے کہ پیشکار صاحب مذکور کو بوجہ واقفیت کارمحکمہ باغات الاؤنس ہائے متذکرہ بجٹ تنخواہ سپرنٹنڈنٹ باغات سے منظور کئے جائیں۔ کام یکم جون ۱۹۳۷ء سے پیشکار صاحب کر رہے ہیں۔ فائنانس کو اتفاق ہے۔

طے پایا کہ:۔

منشی علی عباس صاحب پیشکار کو بصلہ نگرانی باغات تا تقرر سپرنٹنڈنٹ باغات مبلغ عہ ماہانہ الاؤنس کارکردگی اور مبلغ صہ ماہانہ سائیکل الاؤنس کا یکم جون ۱۹۳۷ء سے دیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۵ جولائی ۱۹۳۷ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر